حال ہی میں آپ نے شادی کی ایک تقریب میں شرکت کی۔اس تقریب کے بارے میں اپنے دوست کو ای میل کے ذریعے اہم معلومات فراہم کیجیے۔

اپنی ای میل میں مُندرجِ ذیل نکات ضرور شامل کیجیے۔

- تقریب کا ماحول و مہمان
- تقریب کے اہم نکات
- تقریب کے بارے میں رائے۔

آپ کی ای میل تقریباً 150 الفاظ پر مشتمل ہونی چاہیے۔

ای میل کے مواد کے لیے 6 نمبر اور صحیح زبان اور طرزِ تحریر کے 8 نمبر دیے جائیں گے۔

Saqib 2002@gmail.com

موضوع: تقریب کا حال

پیارے دوست ثاقب!

السلامُ علیکم!

پچھلا پورا ہفتہ امتحانات میں گزرا۔ جب کہ اس مصروفیت کے ساتھ ساتھ پچھلے اتوار کو میں نے اپنے چچازاد کے ولیمے کی تقریب میں بھی شرکت کی۔ جس کا حال بتانے کے لیے میں یہ ای میل لکھ رہا ہوں۔

تقریب کا انتظام ایک شادی ہال میں کیا گیا تھا۔ اس ہال کو اس طرح مختلف پھولوں سے سجایا گیا تھا کہ ہال میں داخل ہوتے ہی تازہ پھولوں کی خوش بُو مہمانوں کا پُرجوش استقبال کرتی تھی۔ اسٹیج کو سُرخ گلابوں سے سجایا گیا تھا۔

تقریب اُس وقت اپنے عروج کو پہنچی جب دُلہا اپنی دُلہن کے ساتھ ہال میں داخل ہوئے۔ زرق برق لباس میں ملبوس خواتین نے گلاب کے پھولوں کی پتیوں سے اُن کا استقبال کیا۔ اُس کے بعد خوب صورت غلافوں میں لپٹے تحائف اُس خوب صورت جوڑے کی نذر کیے گئے۔ اِس ہال میں موجود ہر مرد وزن انتہائی خوش دکھائی دیتا تھا۔ اگرچہ تقریب رات گئے تک جاری رہی لیکن کھانے بعد یہ تقریب غیر رسمی طور پر اختتام پذیر ہوگئی۔

اِس تقریب میں شریک ہو کر مجھے بہت اچھا لگا اور امتحان کا سارا بوجھل پن زائل ہو گیا۔ جب کہ مجھے اپنے رشتہ داروں اور دوستوں سے بھی ملنے کا موقع ملا۔ اس تقریب کے انتظامات تو قابلِ داد تھے جو مہمانوں کے لباس بھی قابل تحسین تھے۔ زیادہ تر مرد انگریزی سُوٹ زیبِ تن کیے ہوئے تھے لیکن خواتین مختلف اَقسام کے لباس میں ملبوس تھیں۔

مختصر یہ کہ یہ اتنی خوب صورت تقریب تھی کہ اس کی یادیں برسوں میرے ذہن سے زائل نہ ہوں گی۔

خیر اندیش

ا۔ب۔ج